Date:2-11-2016

# غسل کا طریقہ

**الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ**

**الاستفتاء:** کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ غسلِ فرض کا سنت طریقہ کیا ہے؟

سائل: محمد فرام انگلینڈ

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب**

غُسل کے تین فرائض ہیں جیساکہ فتاوی ہندیہ میں ہے کہ وَهِيَ ثَلَاثَةٌ الْمَضْمَضَةُوَالِاسْتِنْشَاقُ ، وَغَسْلُ جَمِيعِ الْبَدَنِ عَلَى مَا فِي الْمُتُونِ (1) کُلّی کرنا (2) ناک میں پانی چڑھانا (3) تمام ظاہر بدن پر پانی بہانا۔

(فتاوٰی ہندیہ ج1 ص 13)

## (1) کُلّی کرنا

سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃالرحمٰن کی کلی کرنے کے بارے میں تحریر کاخلاصہ ہے کہ کلی اس طرح کرے کہ منہ کے ہرپُرزے، گوشے، ہونٹ سے حَلْق کی جڑتک ہر جگہ پانی بہ جائے۔اِسی طرح داڑھوں کے پیچھے گالوں کی تہ میں، دانتوں کی کھِڑکیوں اور جڑوں اور زبان کی ہر کروٹ پر بلکہ حَلْق کے کَنارے تک پانی بہے۔ روزہ نہ ہو توغَرغَرہ بھی کرلیجئے کہ سنّت ہے۔ دانتوں میں چھالیہ کے دانے یا بوٹی کے رَیشے وغیرہ ہوں توان کو چھُڑاناضَروری ہے۔ ہاں اگر چھُڑانے میں ضَرر (یعنی نقصان) کااندیشہ ہوتومُعاف ہے۔ غُسل سے قبل دانتوں میں ریشے وغیرہ محسوس نہ ہوئے اوررَہ گئےنَماز بھی پڑھ لی بعد کو معلوم ہونے پرچُھڑا کر پانی بہانافرض ہے، پہلے جونَمازپڑھی تھی وہ ہو گئی۔ جوہِلتا دانت مسالے سے جمایا گیا یاتار سے باندھاگیااور تار یا مسالے کے نیچے پانی نہ پہنچتاہو تومُعاف ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج1 ص439-440)

## (2) ناک میں پانی چڑھانا

ناک میں پانی چڑھاتے وقت یہ خیال رہے کہ ناک کی سخت ہڈّی کے شُروع تک دُھلنالازمی ہےاور یہ اس وقت ممکن ہے جب پانی کوسُونگھ کراوپر کھینچئے۔ یہ خیال رہے کہ بال برابر بھی جگہ دُھلنے سے نہ رَہ جائے ورنہ غسل نہ ہوگا۔ ناک کے اندر اگر رِینٹھ سُوکھ گئی ہے تواس کاچھُڑانافرض ہے۔ نیز ناک کے بالوں کا دھونا بھی فرض ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج1ص 439-440)

## (3)تمام ظاہِری بدن پرپانی بہانا

سَر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے تلووں تک جِسم کے ہر ہر حصہ پر پانی کا بہ جانا ضَروری ہے، جِسم کی بعض جگہیں ایسی ہیں کہ اگر احتیاط نہ کی تو وہ سُوکھی رَہ جائیں گی اور غسل نہ ہوگا۔

فقہ حنفی میں غسل کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے دل میں اِس طرح نیّت کیجئے کہ میں پاکی حاصِل کرنے کیلئے غسل کرتا ہوں۔ پہلے دونوں ہاتھ پہنچوں تک تین تین بار دھویئے، پھر اِستِنجے کی جگہ دھویئے خواہ نَجاست ہو یا نہ ہو، پھر جِسم پر اگر کہیں نَجاست ہو تو اُس کو دُور کیجئے پھر نماز کا ساوُضو کیجئے اگر پاؤں رکھنے کی جگہ پر پانی جمع ہے تو پاؤں نہ دھویئے، اور اگر سخت کنکریٹ کے فرش پر جیسا کہ آج کل ہوتا ہے پر غسل کر رہے ہیں تو پاؤں بھی دھو لیجئے، پھر بدن پر تیل کی طرح پانی چُپڑ لیجئے، خُصوصاً سردیوں میں پھر تین بار سیدھے کندھے پر پانی بہایئے، پھر تین بار اُلٹے کندھے پر، پھر سر پر اور تمام بدن پر تین بار، پھر غسل کی جگہ سے الگ ہو جایئے، اگر وُضو کرنے میں پاؤں نہیں دھوئے تھے تو اب دھو لیجئے۔ تمام بدن پر ہاتھ پھیر کر مل کر نہایئے، ایسی جگہ نہایئے کہ کسی کی نظر نہ پڑے، دَورانِ غسل کسی قسم کی گفتگو مت کیجئے، کوئی دُعا بھی نہ پڑھئے، نہانے کے بعد تَولیہ وغیرہ سے بدن پُونچھنے میں حَرَج نہیں۔ نہانے کے بعد فوراً کپڑے پہن لیجئے۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

QUESTION: MUHAMMAD

What do the scholars and muftis of the mighty Shari’ah say regarding this matter, what is the Sunnah method of the obligatory ritual bath [ghusl]?

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

There are three farā-id [obligatory acts] of ghusl, as mentioned in Fatāwā Hindiyyah:
(1) Rinsing the mouth(2) Drawing water into the nose (3) Washing the entire body.

(1) Rinsing the mouth:

The summary of what my master A'lā Hazrat Imām Ahmed Razā Khān (upon him be mercy) says in regards to rinsing is that water should flow upon every part and corner of the mouth from the lips to the root of the throat. Like this, water should reach the cheek area behind the molars, the gap between two teeth, the roots of the teeth and every side of the tongue, in fact, water should reach the edge of the throat. If one is not fasting, then he should also gargle as it is Sunnah. If betel nuts or meat fibres are present in between the teeth, then it will be necessary to remove them. However, if by removing them, there is a risk of harm, then it is excused. If the fibre etc. was not noticed before ghusl so they remained, and one has also prayed, and later on he realised, then it is obligatory [fard] to remove it and pour water on it, the namāz which he prayed before this is valid. The loose tooth which is secured by a filling or a wire, and the water does not reach beneath the filling or the wire, then it is excused.

[Fatāwā Razawiyyah, Volume 1, pgs 439-440]

(2) Drawing water into the nose:

One should remember that at the time of drawing water into the nose, the water must reach the area where the hard bone begins and this is only possible if the water is sniffed and pulled upwards. It should be noted that even the amount equivalent to a hair should not be left unwashed, otherwise ghusl will not be valid. If nasal mucus has dried, then removing it is fard. Also, washing the nasal hair is also fard.

[Fatāwā Razawiyyah, Volume 1, pgs 439-440]

(3) Washing the entire apparent portion of the body:

From the hair of the head till the soles of the feet, it is necessary for water to flow over every part of the body. Some parts of the body are such that if care is not taken, they remain dry and ghusl will not take place.

In Hanafī law, the method of ghusl is as follows, first of all, one should make an intention in the heart that he/she is performing ghusl to attain purity. Then both hands should be washed to the wrists, three times, then the area of istinjā should be washed, even if it is free from impurity. Then, if there is any impurity present on the body, it should be removed, then wudū will be made like that of namāz, if water gathers in the place where the feet are, then the feet should not be washed, and if ghusl is being performed on a solid concrete floor-as is the case today-then the feet will be also be washed. Thereafter, water should be rubbed onto the body like oil, especially during winter. Then, water should be poured over the right shoulder three times and then the left shoulder three times. After that, it should be poured over the head and body three

times, then one should move from the place of ghusl, and if the feet were not washed during the performance of wudū, they should be washed now. The entire body should be rubbed whilst bathing, and bathing should be carried in such an area where people cannot see. Any kind of talking should not be done during ghusl, nor any du'ā read. There is no harm in drying the body with a towel after ghusl. Clothes should be worn immediately after ghusl.

واللہ تعالیٰ اعلم و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qādrī**